# 30-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے آج کہا کہ وہ کل ورنگل اور حسن آباد کا فضائی سروے کریں گے تاکہ طوفان مونتھا سے ہونے والے نقصان کا جائزہ لیا جاسکے۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے تمام ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایس ڈی آر ایف اور دیگر فنڈز کو راحت اور بازآبادکاری کے اقدامات کے لیے استعمال کریں۔

۳۔ ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ حالیہ مونتھا طوفان سے ریاست بھر میں تقریباً 230 کلومیٹر طویل سڑکیں بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔

اور

۴۔ بی جے پی نے ریاستی چیف الیکٹورل آفیسر سے شکایت درج کرائی ہے کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے سابق انڈین کرکٹر محمد اظہر الدین کو کابینہ میں شامل کرنے کی مجوزہ پیشکش ضابطہ اخلاق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

BJP

بی جے پی نے ریاستی چیف الیکٹورل آفیسر سے شکایت درج کرائی ہے کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے سابق انڈین کرکٹر محمد اظہر الدین کو کابینہ میں شامل کرنے کی مجوزہ پیشکش ضابطہ اخلاق کی سنگین خلاف ورزی ہے اور جوبلی ہلز ضمنی انتخاب میں ووٹروں کو متاثر کرنے کی کوشش ہے۔ بی جے پی رکن اسمبلی پایل شنکر نے اپنے خط میں کہا کہ یہ تجویز ووٹروں کو لبھانے کے لیے ہے، لہٰذا چیف الیکٹورل آفیسر کو فوراً اس اعلان کو واپس لینے کے لیے کارروائی کرنی چاہیے۔ ریاستی بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے اس فیصلے کو خوش آمد پر مبنی قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی پارٹی اس اقدام کی سخت مخالفت کرتی ہے۔

MONTHA:

ہندوستانی محکمہ موسمیات نے آج کہا کہ شدید سمندری طوفان مونتھا کمزور ہو کر مشرقی ودربھا اور متصل جنوبی چھتیس گڑھ کے علاقوں میں ایک نمایاں دباؤ کے زون میں تبدیل ہوگیا ہے۔تلنگانہ میں اب بھی طوفان مونتھا کے اثرات دیکھے جا رہے ہیں۔ریاستی وزیر کونڈا شوریکھا نے بتایا کہ شدید بارشوں کے باعث ریاست کے کئی حصوں میں شدید سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ طوفان مونتھا اور بھاری بارش نے تلنگانہ کے مختلف علاقوں، خصوصاً ضلع ورنگل میں کالونیوں اورسڑکوں کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ریاستی وزیر نے کہا کہ اگرچہ انتظامیہ کی جانب سے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، تاہم بہت سے شہری اب بھی گھروں میں پھنسے ہوئے ہیں اور نکلنے سے انکار کر رہے ہیں۔

CM- FLOODS:

وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے آج کہا کہ وہ کل ورنگل اور حسن آباد کا فضائی سروے کریں گے تاکہ طوفان مونتھا سے ہونے والے نقصان کا جائزہ لیا جاسکے۔وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ جن وزراء کو طوفان سے متاثرہ اضلاع کی ذمہ داری دی گئی ہے وہ عوام کے درمیان موجود رہیں اور صورتحال پر نظر رکھیں۔انہوں نے آج حیدرآباد میں اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ سیلابی صورتحال کا جائزہ لیا اور کہا کہ ریاستی حکومت متاثرین کی ہر ممکن مدد کے لیے تیار ہے۔وزیراعلیٰ نے ورنگل کے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے احکامات دیے۔انہوں نے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ اور پولیس کے ڈائرکٹر جنرل بی شیودھر ریڈی کو ہدایت دی کہ فوری طور پر کشتیاں اورایس ڈی آر ایف کے اہلکار متاثرہ علاقوں میں بھیجے جائیں تاکہ امداد اور بچاؤ کے کام تیزی سے کیے جاسکیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ جہاں ضرورت ہو، وہاں ہائیڈرا کے اہلکاروں اور دستیاب سامان کو بھی استعمال میں لایا جائے۔

BHATTI:

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے تمام ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایس ڈی آر ایف اور دیگر فنڈز کو راحت اور بازآبادکاری کے اقدامات کے لیے استعمال کریں۔ ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ طوفان کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے بھٹی وکرامارکہ نے کلکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ خرچ کی تفصیلات 30 دن کے اندر منظور کروالیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ضروری کاموں کے لیے مالی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کابینہ کی جانب سے 48 گھنٹے پہلے الرٹ جاری کرنے اور حکومت کی مشینری کے تیز اور مربوط ردعمل کے باعث ریاست جانی نقصان اور بڑے پیمانے پر مالی نقصان سے بچنے میں کامیاب رہی۔ انہوں نے ضلع کلکٹروں اور حکام کو اگلے 24 گھنٹوں تک ہائی الرٹ پر رہنے اور طوفان کے رہنما خطوط کے مطابق راحت و بازآبادکاری کی سرگرمیاں انجام دینے کی ہدایت دی۔

PROCUREMENT:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حکام کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کی اور طوفان سے متاثرہ علاقوں کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے خراب موسم کے باوجود دھان کی خریداری کو ہموار طور پر جاری رکھنے کے لیے اہم ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے سول سپلائز ڈپارٹمنٹ کو ہدایت دی کہ وہ ضلعی کلکٹروں کو خریداری مراکز پر فیلڈ سطح کے اقدامات سے متعلق رہنما خطوط مسلسل جاری کریں۔ وزیر اعلیٰ نے زور دیا کہ دھان کی خریداری کو اولین ترجیح دی جائے اور ہر خریداری مرکز کے لیے ایک منڈل سطح کا افسر خصوصی افسر کے طور پر تعینات کیا جائے تاکہ نگرانی کو یقینی بنایا جاسکے۔ ایسے علاقوں میں جہاں بارش کے باعث ذخیرہ مشکل ہے، وزیر اعلیٰ نے تجویز دی کہ خریدی گئی دھان کو قریبی فنکشن ہالس میں منتقل کیا جائے تاکہ خراب ہونے سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ ہر خریداری مرکز سے روزانہ 24 گھنٹوں کی صورتحال رپورٹ کلکٹروں کو موصول ہونی چاہیے۔

ROAD:

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ حالیہ مونتھا طوفان سے ریاست بھر میں تقریباً 230 کلومیٹر طویل سڑکیں بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ سڑک وعمارات ہائی الرٹ پر رہا اور طوفان کے دوران جانی نقصان سے بچنے کے لیے احتیاطی اقدامات کیے۔ وزیر نے آج میڈیا کو بتایا کہ عارضی مرمت اور بحالی کے کاموں پر تقریباً 7 کروڑ روپے خرچ ہوں گے، جب کہ مستقل تعمیر نو کے کاموں کے لیے 225 کروڑ روپے درکار ہوں گے۔ کومٹ ریڈی نے بتایا کہ سابقہ نلگنڈہ ضلع سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے جہاں ہزاروں ایکڑ دھان اور کپاس کی فصلیں طوفان کی نذر ہوگئیں۔

BY-ELECTION:

ریاستی وزیر اُتم کمار ریڈی نے آج اعتماد ظاہر کیا کہ کانگریس امیدوار آئندہ جوبلی ہلز اسمبلی کے ضمنی انتخاب میں جو 11 نومبر کو منعقد ہونے والا ہے، فیصلہ کن کامیابی حاصل کرے گا۔ وزراء اُتم کمار ریڈی اور پونم پربھاکر نے ضمنی انتخاب سے قبل حلقے میں گھر گھر جا کر مہم چلائی جس میں پارٹی کی ترقیاتی اسکیموں اور فلاحی اقدامات کو اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام کانگریس پارٹی سے خوش ہیں کیونکہ پارٹی نے اپنے وعدوں کو عملی جامہ پہنایا ہے۔

WOMEN'S CRICKET:

آئی سی سی ویمنز ون ڈے ورلڈ کپ میں آسٹریلیا اور بھارت کے درمیان دوسرا سیمی فائنل ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسپورٹس اکیڈمی، نوی ممبئی میں جاری ہے۔ آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تھا۔ آکاشوانی اس مقابلے کی براہِ راست کمنٹری انگریزی اور ہندی دونوں زبانوں میں نشر کر رہی ہے۔ گزشتہ رات گوہاٹی میں جنوبی افریقہ نے انگلینڈ کو 125 رنز سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی۔

RIJIJU- NeVA:

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل انڈیا پہل کے تحت جمہوریت کے تین ستون مقنّنہ، عدلیہ، اور انتظامیہ — کی ڈیجیٹلائزیشن جاری ہے۔ آج نئی دہلی میں منعقدہ نیشنل ای ودھان اپلی کیشن کی تیسری قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رجیجو نے کہا کہ ان اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اپنائی جارہی ہے، جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ پارلیمانی امور کے سیکریٹری این بہاری دھل نے بھی کانفرنس سے خطاب کیا۔ یہ پہل حکومت ہند کے ڈیجیٹل انڈیا پروگرام کے تحت 44 مشن موڈ پروجیکٹس میں سے ایک ہے۔

QR:

حیدرآباد نے شہری شرکت پر مبنی حکمرانی کی سمت ایک جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے آج بھارت کے پہلے کیوآر کوڈ پر مبنی فیڈ بیک سسٹم کا آغاز کیا، جس کا افتتاح ضلع کلکٹر ڈی ہری چندنا نے کلکٹریٹ حیدرآباد میں کیا۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے جس کا مقصد سرکاری خدمات کی فراہمی میں شفافیت، جوابدہی اور عوامی شمولیت کو مضبوط بنانا ہے۔ اب کلکٹریٹ آنے والے شہری ہر سروس کاؤنٹر پر موجود کیوآر کوڈ اسکین کرکے فوراً اپنی رائے یا شکایت درج کر سکتے ہیں۔ چند لمحوں میں شہری بہتر خدمات کا حصول، مسائل کی نشاندہی یا تجاویز پیش کر سکتے ہیں۔ افتتاح کے موقع پر کلکٹر ہری چندنا نے کہا کہ یہ منصوبہ صرف ٹیکنالوجی اپنانے کے بارے میں نہیں بلکہ عوام کے اعتماد کو مضبوط کرنے کے لیے ہے۔

BRS

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ کا کہنا ہے کہ سابق کرکٹر محمد اظہرالدین کو جوبلی ہلز ضمنی انتخاب سے پہلے وزارت کی پیشکش سے کانگریس کی بوکھلاہٹ کا پتہ چلتا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں سابق وزیر نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی جوبلی ہلز میں فلمی دنیا سے جڑے فنکاروں سے کیئے گئے وعدوں کو

پورا کرنے میں ناکامی کو چھپانے کیلئے اظہرالدین کو کابینہ میں شامل کرنے کی کوشش کی ہے۔ اطلاعات کے مطابق سابق کرکٹر محمد اظہرالدین کو کل ریاستی کابینہ میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق دوپہر کے وقت راج بھون میں حلف برداری تقریب منعقد ہوگی۔

○○